## سوال

(468) یوسف اور زلیخا کے نکاح کا قصہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا زلیخا اور حضرت یوسف علیہ السلام کا نکاح ہوا تھا کیونکہ کہتے ہیں اس نے توبہ کرلی تھی اور دوبارہ جوان ہوگئی تھی ۔ وضاحت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں ۔ (احسن التفاسیر میں لکھا ہے کہ نکاح ہوگیا تھا)؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احسن التفاسیر اور دیگر کئی کتب تفاسیر وغیرہ میں آپ والی بات لکھی ہے مگر ہے بالکل ہی بے اصل چنانچہ روح المعانی ص۵ج۱۳میں ہے :

«وَشَاعَ عِنْدَ الْقُصَّاصِ أَنَّهَا عَادَتْ شَابَّةً إِكْرَامًا لَّه عَلَيْهِ السَّلاَمُ بَعْدَ مَا كَانَتْ ثَيِّبًا غَيْرَ شَابَّةٍ وَهٰذَا مِمَّا لاَأَصْلَ لَه ، وَخَبَرُ تَزَوُّجِهَا أَيْضًا مِمَّا لاَيُعَوَّلُ عَلَيْهِ الْمُحَدِّثِيْنَ ۔ اھ»

’’اور قصہ گو لوگوں کے ہاں یہ مشہور ہوگیا ہے کہ وہ دوبارہ جوان ہوگئی تھی اس (حضرت یوسف علیہ السلام) کے اکرام کی وجہ سے بعد اس کے کہ وہ ثیب تھی جوان نہ تھی اور یہ بات ان میں سے ہے جن کی کوئی اصل نہ ہے اور اس کے نکاح کی خبر پر بھی محدثین کا اعتماد نہیں ہے ‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نکاح کے مسائل ج1ص 326